SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر 12، 1970ء

SINDH ORDINANCE NO. XII OF 1970

سندھ کا نصابی کُتب بورڈ آرڈیننس، 1970ء

THE SINDH TEXT BOOK BOARD ORDINANCE, 1970

مضامین

تمہید

دفعات

1. مختصر نام و دائرہ نفاذ۔
2. تعریفات۔
3. کارپوریشن کا قیام۔
4. بورڈ کا آئین۔
5. چیئرمین و ممبران کی نااہلی، عہدے سے ہٹانا، اور استعفا۔
6. بورڈ کے اجلاس۔
7. ھیت حاکمہ (کنٹرولنگ اتھارٹی)۔
8. ھیت حاکمہ (کنٹرولنگ اتھارٹی) کے اختیارات۔
9. مجلسِ مشاورت۔
10. بورڈ کے فرائض و اختیارات۔
11. نصابی کُتب۔
12. مجلس (کمیٹی)۔
13. افسران و ماتحت عملہ۔
14. افسران و ماتحت عملے کی ذمہ داریاں۔
15. پراویڈنٹ فنڈ و پینشن۔
16. تفویض اختیارات چیئرمین۔
17. بورڈ و عملے کی اشتناء۔
18. بورڈ برائے مقامی اختیار۔
19. تخمینہ آمد و خرچ۔
20. حساب رکھنا۔
21. سالانہ کارگزاری و گوشوارہ اخراجات کا داخل کرنا۔
22. جانچ پڑتال۔
23. فعل جائز قرار دینا۔
24. تحفظ برائے اعمال و احکامات۔
25. قواعد۔
26. بورڈ کے اختیارات برائے تشکیل و ضوابط۔
27. تنسیخ۔

سندھ آرڈیننس نمبر 12، 1970ء

SINDH ORDINANCE NO. XII OF 1970

سندھ کا نصابی کُتب بورڈ آرڈیننس، 1970ء

THE SINDH TEXT BOOK BOARD ORDINANCE, 1970

۲۶ نومبر ۱۹۷۰

تمہید

اس قانون کا مقصد سندھ نصابی بورڈ کا قیام ہے۔

حکومت سندھ نے یہ قانون سندھ نصابی کُتب بورڈ بنانے کے لئے جاری کیا ہے۔ جس کے مطابق کتابوں کا انتظام کرنا اُن کی اشاعت اور رہنمائے کُتب و دیگر مواد نصابی طور پر انتظام کرنا۔ اسکولوں، کالجوں کے اساتذہ و طلباء تک رسائی ہے۔

لہٰذا اب برائے تعمیلِ حکم مارشل لاء اعلانیہ مورخہ 25، مارچ، 1969ء کو صوبائی آئینی آرڈر کے ساتھ پڑھا جائے۔ اور تمام اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے اس ضمن میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنایا جاری و مشتہر کیا۔

مختصر نام و دائرہ نفاذ۔

1. (۱) یہ آرڈیننس سندھ نصابی کُتب بورڈ آرڈیننس 1970ء کہلائے گا۔

(۲) اس کا نفاذ پورے صوبہ سندھ میں ہوگا۔

(۳) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

تعریفات۔

2. اس آرڈیننس میں بجز اس کے کہ متن و سیاق و سباق میں کچھ اس کے منافی نہ ہو اس لئے مندرجہ ذیل میں اِسے ایسے بیان کیا گیا ہے۔

(a) ''مجلسِ مشاورت'' کے معنی ہیں کہ مجلسِ مشاورت کی تشکیل سیکشن، ۹ کے تحت ہوگی۔

(b) ''بورڈ'' کے معنی ہیں سندھ نصابی کُتب بورڈ جو کہ سیکشن 3 کے تحت قائم ہوگا۔

(c) ''چیئر مین'' کے معنی ہیں بورڈ کا چیئر مین۔

(d) ''کنٹرولنگ اتھارٹی'' (ھیت حاکمہ) بورڈ کی ھیت حاکمہ۔

(e) ''کمیٹی'' کے معنی بورڈ کی مجلس (کمیٹی)

(f) ''رکن'' معنی بورڈ کا رکن۔

(g) ''گورنمنٹ'' کے معنی ہیں سندھ حکومت۔

(h) ''انسٹیٹیشن'' کے معنی ہیں انٹرمیڈیٹ کالج، اسکول یا پولی ٹیکنک دست کاری، تجارتی ادارہ۔

(i) ''انٹرمیڈیٹ کالج'' کے معنی وہ ادارہ جو تسلیم شدہ برائے تعلیم گیارہویں و بارہویں جماعت اور بشمول اُس

ادارے کے جو کہ نویں جماعت سے بارہویں جماعت تک تعلیم دیتے ہیں۔

(j) ''پریس کرابڈ'' کے معنی اس قانون کے مقرر ا بیان کردہ قواعد وضوابط کے مطابق طے کئے ہیں۔

(k) "RULES" رول ''قواعد اور ضوابط۔

(l) ''اسکول'' کے معنی وہ ادارے جو اول جماعت تا دہم جماعت تک تعلیم دیتے ہیں با شمول اُن کے جو انگریزی زبان میں تعلیم دیتے ہیں اور معذور بچوں اور اس کے علاوہ وہ تمام ادارے جن کو حکومت اس ضمن میں شامل کر چکی ہے۔

کارپوریشن کا قیام۔

3. **(ا)** اس قانون کے مقاصد کے حصول کے لئے جلد از جلد سندھ نصابی کُتب بورڈ کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

(۲) بورڈ ایک منظم تنظیم کی شکل کا ادارہ ہوگا جسے ملکیت رکھنے و منتقل کرنے کا اختیار ہوگا جو کہ مستقل ورثہ ہوگا اور اس کا ایک مارکہ ہوگا جس کی بناء پر وہ کسی پر دعویٰ کر سکتا ہے اور کوئی اس پر دعویٰ کر سکتا ہے۔

بورڈ کا آئین۔

4. **(ا)** بورڈ کا ایک چیئر مین اور اس کے ساتھ کم سے کم چار اور زیادہ سے زیادہ 06 ارکان ہونگے۔ جن کا تقرر حکومت کرے گی۔ اور ان میں سے 3 ارکان غیر سرکاری ہونگے۔

(۲) چیئر مین و دیگر تمام ارکان کا تقرر حکومت کرے گی۔

(۳) چیئر مین بورڈ کا سرپرست اعلیٰ ہوگا۔

(۴) بورڈ کے چیئر مین و دیگر ارکان جو کچھ دفعہ 5 کے تحت کر سکیں گے۔

(a) 3 سال کے لئے مقرر ہونگے اور اس مدت کے بعد دوبارہ منتخب کئے جا سکتے ہیں ایک یا اس سے زائد مرتبہ کے لئے اور

(b) وصول کریں گے تنخواہ اور مراعات جو حکومت مقرر کرے۔

چیئر مین و ممبران کی نااہلی، عہدے سے ہٹانا ،اور استعفا۔

5. مقرر کردہ چیئر مین یا اراکین کی اور ادارے یا کالج کارپوریشن سے وابستہ، تعلق یا الحاق نہیں رکھ سکتا جس کے لین دین ،مفادات یا وابستگی بورڈ سے ہو۔

1. حکومت چیئر مین یا کسی رکن کو ہٹا سکتی ہے۔ اگر چاہے

(a) اگر وہ کسی بھی ذمہ داری کو ادا کرنے سے انکاری ہو یا نا کام ہو یا حکومت کی نظر میں وہ ذمہ داریاں نبھانے کا اہل نہ رہے اس قانون کی رو سے۔

(b) بطور چیئر مین یا رکن کے حکومت کی نظر میں اختیارات سے تجاوز کرے۔ **یا**

(c) جان بوجھ کر با واسطہ یا بلا واسطہ یا کسی شراکت دار کے ذریعے کوئی حصہ یا منافع کی بھی معاہدے یا ملازمت یا بذریعہ بورڈ یا بورڈ کی صرف سے باوجود علم کے کہ اس عمل بورڈ کے نفع کو نقصان ہوگا۔ فائدہ حاصل کرے۔ **یا**

(d) کسی بھی جرم میں سزا یافتہ غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث ہونا۔ عدالتی طور پر دیوالیہ قرار دیا گیا ہو۔ ذھنی

مریض ہو یا دماغی توازن کھو بیٹھے۔ برطرف شدہ ہو۔ یا حکومتی ملازمت سے نکالا گیا ہو۔

2. چیئرمین یا کوئی بھی رکن کسی بھی وقت اپنے عہدے کا استعفیٰ بھیج سکتا ہے۔

بورڈ کے اجلاس۔

6. (1) بورڈ کے اجلاس مقررہ طریقے وقت اور جگہ پر منعقد ہونگے۔

(2) اجلاس کی صدارت چیئرمین بورڈ کرے گا اور چیئرمین کی غیر حاضری کی صورت میں ارکان آپس میں کسی کو بھی چیئرمین بنا سکتے ہیں۔

(3) بورڈ کے اجلاس کے لئے پچاس فیصد ارکان کی موجودگی ہونی ضروری ہے۔

(4) ہر رکن بشمول چیئرمین کا ایک ووٹ ہے۔ لیکن ووٹوں کی تعداد برابر ہو تو چیئرمین دوسرا فیصلہ کن ووٹ ڈال سکتا ہے۔

(5) بورڈ کے ہر اجلاس کا مسودہ تحریری ہوگا جس میں تمام حاضر ارکان کے نام تحریر ہونگے اور ریکارڈ کی کتاب میں جو رکھی جاتی ہے اس مقصد کے لئے اور اُس اجلاس کی صدارت کرنے والے شخص کے دستخط ہونگے اور یہ کتاب ارکان کے معاونہ کے لئے کھولی جائے گی۔

ھیت حاکمہ (کنٹرولنگ اتھارٹی)۔

7. ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ کا سیکریٹری بورڈ کا ھیت حاکمہ (کنٹرولنگ اتھارٹی) ہوگا۔

ھیت حاکمہ (کنٹرولنگ اتھارٹی) کے اختیارات۔

8. (1) ہیئت حاکمہ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی شخص یا اشخاص سے دفتری سرگرمیوں کی اور بورڈ کی مالیاتی جانچ پڑتال مقرر کردہ طریقے و مستند ادارے سے کرائے۔

(2) ہیئت حاکمہ بورڈ کو مطلع کرے معائنہ اور جانچ پڑتال کے بارے میں اور بورڈ کو ہدایات دے گی اور یہ اقدامات دی گئی مدت میں کئے جائیں جو بھی مقرر کی گئی ہو۔

(3) بورڈ ہیئت حاکمہ کو مطلع کرے گا اُس اقدام سے جو تجویز کیا گیا تھا۔

(4) اگر بورڈ مقررہ مدت میں اقدامات نہیں کرتا جو ھیت حاکمہ کے لئے اطمینان بخش ہوں۔ ہیئت حاکمہ بورڈ کے دئے گئے وضاحت نامے کے بعد چیئرمین بورڈ کو ھدایت جاری کرے گا۔ جو بھی وہ درست تصور کرے اور چیئرمین اُن ھدایات و احکامات کی تکمیل کرے گا۔

(5) اگر ہیئت حاکمہ مطمئن ہو جائے بورڈ کی کارکردگی سے مشاورت یا کوئی اور کمیٹی جو اس قانون سے مطابقت رکھتی ہو۔ یا قواعد و ضوابط اس کے تحت بنائے گئے ہوں۔ ہیئت حاکمہ کوئی بھی حکم صادر کرنے سے پہلے چیئرمین کی معرفت بورڈ کی مجلسِ مشاورت کے ذریعے یا مطالقہ مجلس کے ذریعے جو بھی حالات ہیں موقع کی مناسبت سے وضاحت طلب کی جائے کہ اس سے متعلق کیوں نہ قانونی چارہ جوئی کی جائے۔

مجلسِ مشاورت۔

9. (1) بورڈ کی ایک مجلسِ مشاورت ہوگی جس کی تشکیل درج ذیل ارکان پر ہوگی۔

(a) چیئرمین۔

(b) حکومت سندھ کے ڈائریکٹر ز ایجوکیشن۔

(c) ڈائریکٹر فنی تعلیم سندھ۔

(d) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن حکومت سندھ۔

(e) جامعہ کراچی کے وائس چانسلر یا اُس کا نمائندہ۔

(f) جامعہ سندھ کا وائس چانسلر یا اُس کا نمائندہ/ ڈائریکٹر۔

(g) ڈائریکٹر برائے فروغ تعلیم، مہارت وملازمت۔

(h) دو(2) پرنسپل انٹرمیڈیٹ کالج کے جن کو ھیت حاکمہ نافذ کرے۔اور

(i) دو(2) اسکولوں کے سربراہ یا اُس کے مساوی ادارے کے سربراہ جن کو ھیت حاکمہ مقرر کرے۔

(2) ھیت حاکمہ کے نافذ ارکان کے عہدوں کی معیاد ایک سال ہوگی ان کے تقرری کی تاریخ سے وہ اہل ہونگے دوبارہ تقرری ایک یا زائد مرتبہ کے لئے کی جاسکتی ہے۔

(3) مجلسِ مشاورت کا کام ہوگا بورڈ کو مشورہ دینا ان ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھانے کے لئے اس ضابطے کے مطابق۔

(4) مجلسِ مشاورت کی مجلس کو منعقد کرنے کے لئے ارکان مطلوبہ تعداد کل تقرر شدہ تعداد کی 50% فیصد موجود ہونا ضروری ہے۔

(5) حکومت کے تشکیل شدہ قواعد وضوابط کے مطابق مجلسِ مشاورت اپنے امور انجام دیتی ہے۔یہ قواعد ودیگر امور یا عنوان مندرجہ ذیل ہیں۔

(5)-(i) تقرری برائے نگران بابت طلبی اجلاس مجلس۔

(5)-(ii) مجلسِ مشاورت کے اجلاس کی صدارت کے لئے کسی فرد کا تقرر کرنا۔

(5)-(iii) وہ طریقہ کار جس کے تحت اجلاس کی کاروائی کا ریکارڈ رکھا جائے۔بذریعہ نگران۔

(5)-(iv) مجلسِ مشاورت کی جانب سے کسی بھی مسئلے کو ضروری سمجھے ہر اُس کی بہتر انجام دہی کے لئے اُس پر غور کرنا۔

10. بورڈ کے فرائض واختیارات۔ **(1)** بورڈ اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے ایسے اقدامات کرے جو ضروری قرین مصلحت ہو اس قانون کے تحت۔

(2) بلامضرت عام حاصل شدہ اختیارات کے تحت بورڈ اس قانون کے مطابق۔

(a) کوئی بھی کام اپنے ذمے لینا۔

(b) کسی بھی خرچ کو برداشت کرنا۔

(c) مہیا کرنا پلانٹ، مشینری، اور فارم مال جو اس میں استعمال ہو۔

(d) حاصل کرے بذریعہ فریز۔لیز، مبادلہ کرنا یا کسی بھی طرح کوئی بھی فارم مال یا مشین یا کوئی بھی مفاد جو اس سے وابستہ ہو۔اور

(e) تعمیل کرے اُن تمام معاہدات کی جو ضروری سمجھے جائیں یا قرین مصلحت ہوں۔

(3) مخصوص حالات میں بورڈ ترتیب دے اسکیس اور ان ہر عمل درآمد کرے سب پر یا کسی ایک پر جو مندرجہ ذیل مصطلحات بمعہ عنوان۔

(3) (i) نصابی کُتب کی طباعت واشاعت، ضمنی مطالعتی مواداور تدریسی امداد ہر طرح اور ہر موقع پر برائے تعلیمی امور واساتذہ کے تربیتی کورس جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

(i) ابتدائی تعلیم۔

(ii) ثانوی تعلیم۔

(iii) اعلیٰ ثانوی تعلیم۔

(3) (IV) **J.V,S.V,C.T** ڈپلومہ برائے جسمانی تعلیم۔ڈپلومہ برائے تجارتی تعلیم،ڈپلومہ برائے فنون لطیفہ ودیگر تربیتی کورسز بیان شدہ۔

(3) (V) فنی دست کاری اور تجارتی ادارے۔

(3) (VI) انگریزی زبان کے اداروں کے کورسز۔

(3) (VII) معذور بچوں کی تعلیم اور۔

(3) (VIII) تعلیم بالغان۔

(3) (b) فراہمی ضمنی مواد برائے درسی کُتب، درجہ واقسام برائے تعلیم شمار ہوگی زیر شق **(A)**

(3) (c) فراہمی رسائی وتحقیقی مواد جو متعلق ہوں نصابی وتدریسی کُتب کے۔

(3) "c" فراہمی رسائی کی تحقیق مواد جو متعلق ہوں نصابی کتب اور تیاری درسی کتب کے۔

(3) (d) بیان شدہ طریقہ کار برائے تدوین واشاعت درسی کُتب۔

(3) "e" متعلقہ حکمت عملی یہ ہے۔

(i) تقسیم درسی کتب اور دیگر طباعت شدہ مواد اور اشاعت شدہ بورڈ کی طرف سے۔

(ii) تقرر نمایندگان برائے فراہی درسی کُتب ومواد، تاکہ طلباء کو مقررشدہ وقت میں دستیاب ہو۔

(3) (f) بالغان کیلئے ادب کی تیاری واشاعت۔

(3) (g) تیاری واشاعت تدریسی مواد بابت نئی دریافت شدہ زاویئے تعلیم اور تدریسی طریقہ تحقیق وتدابیر۔

(3) (h) سیمنار، مباحثہ، کورسز کرانا تاکہ درسی کتب ومواد کو پراثر بنایا جاسکے۔

(3) (i) نصابی کتب، تدریسی کتب ودیگر تدریسی مواد کی عملی تحقیق کا انعقاد۔

(3) (j) تدریسی کتب ومواد کی نمائش کا انعقاد کرنا۔

(3) (k) کتب خانہ کی دیکھ بھال۔

(3) (i) کتبی حوالہ جات۔

(3) (ii) تدریسی کتب۔

(3) (iii) نقشہ جات، چارٹس، اشکال ودیگر متعلقہ مشاوی نوعیت کے دستاویز۔

(3) (iv) اشاعت شدہ تعلیمی مباحثے جو پاکستان اور دیگر ممالک کے ہوں۔

(3) (v) کتابیں اور دیگر مطالعاتی مواد علاوہ نصابی کتب کے جن کو بورڈ سمجھے مناسب اور سودمند برائے حصول

مقاصد اور فوائد اس قانون کے مطابق۔

(4) بورڈ تیار شدہ منصوبہ بندی کے تحت جو آخر میں بیان کردہ شق ہے پیش کرے گی ہیئت حاکمہ کے پاس بمعہ تمام تفصیلات جو ضروری ہوں اس مقصد کے نفاذ حصول کیلئے اور مالیاتی فوائد اور کسی طرح سے عمل درآمد ہو۔

(5) ہیت حاکمہ اس کو منظور کرلے، مسترد کرے اور واپس کرلے وہ منصوبہ بندی بورڈ کو بمعہ اپنی تجاویز و سفارشات کو مزید غور کیلئے۔

(6) کسی بھی منصوبہ بندی کی عمل درآمد سے قبل بورڈ حاصل کرے یا مشورہ لے۔ ڈائریکٹر یکٹ برائے تعلیم سے، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ وسیکنڈری یا ایجوکیشن سے یا کسی بھی مجاز ادارے سے۔

نصابی کتب۔

11.(i) یا کوئی بھی ایسی کتاب جس کو بورڈ نے منظور نہ کیا ہو وہ نہ تو شائع ہوگی اور نہ نصابی کتب بطور نصابی کتاب تیار ہوگی جس کو کسی ادارے نے اپنے طور پر شامل کیا ہو، باشرطہ کہ حکومت نے اپنے جریدہ حکم نامہ میں مستثنیٰ کیا ہو۔ کسی ادارے کی جماعت کو اس دفعہ کی اطلاق سے۔

(ii) اگر کوئی ادارہ خلاف ورزی کرے اس قانون کی شق نمبر **1** کی تو اس کا تسلیم شدہ حق ضبط کرلیا جائے گا زیر ہذا قانون۔

(iii) بذریعہ درخواست شق نمبر **1** برائے منظوری نصابی کتب، کی جائے بورڈ سے وضع کردہ طریقہ کار کے تحت اور مقررہ فیس منسلک ہو قوائد کے تحت۔

مجلس (کمیٹی)۔

(12)(ا) بورڈ تشکیل کرے گی ایک کمیٹی کو جس کو وہ ضروری تصور کرے۔

(۲) کمیٹی کا قیام کار منصبی اور فرائض وضوابط وضع شدہ ہیں۔

افسران وماتحت عملہ۔

(13)(ا) درج ذیل بورڈ کے افسران ہونگے۔

(a) چیئرمین۔

(b) سیکریٹری۔

(c) دیگر افسران جن کا تقرر بورڈ کرے۔

(۲) بورڈ کے سیکٹری کا تقرر حکومت کرے گی۔

(۳) بورڈ وقت باوقت تقرر کرے گی ماتحت عملہ وافسران کی یا تقرر کرے گی کل وقتی یا جز وقتی ماہرین ومشیران جیسا کہ وہ ضروری سمجھے برائے اضافہ کار منصبی میں فوائد میں بیان کردہ شرائط وضوابط کے تحت بشرط کہ شدید ضرورت کی صورت میں چیئرمین تقرر کرے گا کسی بھی افسر کا یا ماتحت کا جس کی مدت **6** ماہ سے زیادہ نہ ہو۔ اور جس کہ وہ ضروری سمجھتا ہو۔ بشرط ہے کہ ہر تقرری کی جائے اس کی اطلاع بورڈ کو اس کی اگلی میٹنگ میں دی جائے برائے منظوری، اور اگر بورڈ اس تقرری کو نہ منظور کرے یا اگر تقرری کے **6** ماہ کے دوران اس کو منظور کرانے میں ناکام رہے تو وہ تقرری منسوخ ہو جائے گی۔

افسران وماتحت عملے کی ذمہ داریاں۔

14. اس قانون کے بیان کردہ دفعات کے تحت چیرمین اور اراکین کے فرائض اور کاہائے منصبی ضابطے میں وضع شدہ ہیں اور وہ افسران اور ماتحت عملہ بورڈ کا جو وضع شدہ ہے یا چیرمین نے ان کو تفویض کیا ہو۔

15.(ا) بورڈ قائم کرے گا اپنے ملازمین کے مفاد کے لئے پینشن اور پروویڈینٹ فنڈ یا دونوں جو ممکن ہو ضابطہ **پراویڈنٹ فنڈ وپنشن۔**
میں وضع کردہ طریقہ کار کے تحت ہوگی۔

(۲) حکومت اپنے سرکاری جریدہ حکم میں اعلان کرے گی کہ پروویڈینٹ فنڈ ایکٹ 1925ء کے قوانین
of Act-XIX) (1925ء کے تحت اطلاق ہوگا برائے قیام پروویڈینٹ فنڈ زیر شق 1 اور اعلان کرے گا
قانون جس کا اطلاق اس وقت ہوگا جب بورڈ حکومت کو اور بیان شدہ فنڈ حکومت کے پروویڈینٹ فنڈ ہوں۔

16. بورڈ کی عام یا خاص حکم کے تحت تفویض کرتے ہیں چیئرمین کو کسی رکن کسی افسر کے افسر کو کسی ماتحت جو بورڈ **تفویض اختیارات چیئرمین۔**
کا ملازم ہو۔ اپنے کسی بھی اختیار فرائض اور کارہائے منصبی اس قانون کے تحت کو قوائد وضوابط کے تحت کسی
صورت میں مناسب ہوں برائے نفاذ۔

17. چیرمین ارکان افسران اور ماتحت عملہ بورڈ کا کام کر رہے ہوں قانون کی منشاء کے مطابق وہ تصور ہونگے **بورڈ وعملے کی اشتہاء۔**
پبلک سرونٹ بامعنی دفعہ 21 پاکستان پینل کوڈ

18. بورڈ تصور ہوگا عکاسی نگران اختیار ہوگا۔ زیر قانون۔ **Local Authorities Loans Act,** **بورڈ برائے مقامی اختیار۔**
1914 برائے حصول قرض زیر بیاں شدہ قانون کے تحت اور بنا سکے اور اُس منصوبہ بندی پر زیر اس قانون کے۔
یہ اتھارٹی با اختیار اور قانونی تصور ہوگی اس عمل کو کرنے کے لئے۔

19.(1) ہر سال جون کے مہینے میں چیئرمین داخل کرے گا گوشوارہ جس میں **تخمینہ آمد وخرچ۔**
ESTIMATED RECEPTS وہ اخراجات بورڈ برائے اگلے مالی سال منظوری کے لئے۔ بورڈ کی
طرف سے۔

19.(2). چیئرمین داخل کرے گا گوشوارہ کی کاپی جس کو بورڈ نے منظور کیا ہو۔ 15 یوم کے اندر حکومت کے
پاس۔

20. بورڈ ضابطے کے وضوشدہ طریقہ کار کے تحت مکمل اور درست طریقوں سے کتابوں میں حساب رکھے گا۔ **حساب رکھنا۔**

21. (1) بورڈ ھیت حاکمہ کے پاس جلد از جلد جمع کرائے گا، ہر مالیاتی سال کا گوشوارہ اخراجات حد تا حد **30** **سالانہ کارگزاری وگوشوارہ اخراجات کا داخل کرنا۔**
ستمبر تک۔ اور اس رپورٹ میں طرز محور ہونگے اس سال کے۔

(2) ھیت حاکمہ بورڈ سے طلب کرے گی۔

(i) کو RETURN ریٹرن گوشوارہ، تخمینہ ہشماریات یا کوئی /یا/ اطلاع با مطابق کئی ایسے عملے کی جو کہ بورڈ
کے زیر انتظام ہو۔

(ii) کسی بھی عملے کی رپورٹ۔

(iii) کسی بھی دستاویز کی نقل جس کا اختیار بورڈ کو ہو۔ اور چیئرمین تعمیل کرے گا ہر طلبی کی۔

22. (1) بورڈ سال میں ایک مرتبہ اپنے حساب کی جانچ پڑتال کرائے گا۔ اس ادارے سے جس کو حکومت نے **جانچ پڑتال۔**
مقرر کیا ہو۔

(2) جانچ پڑتال کی نقل بمعہ بورڈ کی رائے کے ساتھ بھیجی جائے گی حکومت کو بشمول ہیئت حاکمہ کو بھی۔

(3) بورڈ عمل درآمد کرے گا اس ہدایات پر جو جاری ہوئیں حکومت یا ھیت حاکمہ برائے نصح بے ضابتگی اگر وہ نشاندہی شدہ ہو جانچ پڑتال رپورٹ میں۔

فعل جائز قرار دینا۔

23. کوئی بھی اقدام یا عمل بورڈ کا مجلسِ مشاورت کا یا کمیٹی (مجلس) کا نا قابل قبول ہو محض باوجہ خالی اسامی کے بورڈ میں یا مجلس مشاورت میں یا مجلس یا کسی بھی رُکن کی تقرری میں بے ضابتگی کی وجہ سے چاہے وہ بورڈ کی چاہے مجلس مشاورت کی۔

تحفظ برائے اعمال واحکامات۔

24. کوئی بھی دعویٰ برائے تلافی یا دیگر کوئی قانونی کاروائی نہیں ہوسکتی برخلاف حکومت، ہیئت حاکمہ کے بورڈ کے مجلس مشاورت، کمیٹی یا رُکن یا کسی افسر یا ملازم جو کہ کسی بورڈ کا ہو۔ جو اس نے اس قانون میں بیان کردہ قوائد و ضوابط کے تحت نیت نیتی سے انجام دیا۔

قواعد۔

25. (1) حکومت تجویز کرے گی قوائد۔ اس قانون کے تحت۔

(2) بلامضرت عام حاصل شدہ اختیارات کے تحت موجود شدہ قواعد برائے تمام یا کوئی بھی درج ذیل معاملات۔

(a) بورڈ کے ماتحت اور افسران کی ملازمت کے اصول وضوابط بشمول تادیبی کاروائی، منظوری تعطیل اور ملازم کی بورڈ سے ریٹائرمنٹ۔

(b) بورڈ کے افسران اور ماتحت عملے کے مفادات یعنی پینشن یا پروویڈینٹ فنڈ یا دونوں۔

(c) مجلس مشاورت کا طریقہ کار بشمول طریقہ اور اختیار جس کو اختیار مجلس کی، کاروائی کو ریکارڈ بنانے کا۔ جس کو اختیار ہو مجلس سفارشات و کاروائی کونسل کو۔ اور

(d) قوائد کے وضع کردہ ضابطے کے علاوہ کسی دوسرے معملے میں ضرورت ہو تو۔

26. بورڈ کے اختیارات برائے تشکیل و ضوابط۔

26. (1) بورڈ تشکیل دے گا اس قانون سے قوائد بنائے گا ضوابط برائے حصول مقاصد اس قانون کے۔

(2) بلامعزت تمام حاصل شدہ اختیارات یا موجودہ اختیار، یہ ضابطے مہیا کرتے ہیں کُلّی یا کسی بھی درج ذیل معاملات میں۔

(i) بورڈ کی مجلس کو انجام دینے کا طریقہ کار۔

(ii) وہ طریقہ کار جس کے تحت منصوبہ بندی ہو زیرِ دفعہ 10 کے تحت واضح کرنا عمل درآمد کرنا۔ اور

(iii) کوئی بھی دیگر معملہ جو ضروری ہو، حل طلب ضابطے میں وضح کردہ ہو۔

تنسیخ۔

27. (1) مغربی پاکستان ٹیکسٹ بک آرڈیننس 1962ء (مغربی پاکستان آرڈیننس 1962ء XLI of) بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔